ایک بہترین تفسیر کی علامت بھی یہی ہے کہ وہ روایات صحیحہ کے ساتھ درایت پر بھی مشتمل ہو اور ہر قسم کی اسرائیلیات موضوعات اور کذبات سے پاک ہو کیونکہ قرآن کریم تو کلام اللہ ہے اور جب کلام الہیٰ کی تفسیر اسرائیلیات موضوعات اور کذبات کے ذریعہ کی جائے تو اس کی زد قرآن کریم اور خود ذات باری تعالیٰ پر پڑتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بڑی بڑی عظیم تفاسیر وہ توجہ نہ پاسکیں جس کی وہ مستحق تھیں۔

بہرحال میجر صاحب کی مرتب کردہ تفسیر بصائر الفرقان فی تفسیر آیات القرآن ایک بہترین علمی و تحقیقی کاوش کے ساتھ ساتھ قرآنیات میں ایک بیش بہا اضافہ ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی اس سعی و کوشش کو قبول اور بارآور فرمائے۔

پیغام سالنامہ لاہور مدیر اعلیٰ ابومحمد ثناء اللہ سعد ضخامت: ۵۵۲ صفحات قیمت: ۳۶۰/- روپے

ملنے کے پتے: مکتبہ حسینیہ بالمقابل حبیب بینک شجاع آباد۔ مکتبہ ختم نبوت غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور

مولانا محمد اعظم طارق شہیدؒ جرات مند، بہادر حق گو عالم دین اور عظمت صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نقیب اور منادی تھے، عظمت اصحاب رسول ﷺ کے لئے آپ نے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ لیکن آپ کے پائے استقلال میں ذرہ برابر لغزش اور عزم و ہمت میں کوئی کمی نہیں آئی۔ یہاں تک کہ کاروانِ شہداء میں آپ کا نام ہمیشہ کے لئے ثبت ہوا۔ بقول حافظ شیرازؒ ؎

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

آپ کی شہادت اور بہیمانہ قتل اور بھی اندوہناک ہو جاتا ہے جب اس کے پس پردہ محرکات کا جائزہ لیا جائے اور اس وقت کی حکومت کی ناک کے نیچے اسلام آباد میں دن دہاڑے آپ سفاک قاتلوں کی گولیوں کا نشانہ بنے۔ اور دیگر بے گناہ شخصیات کے قتل اور شہادت کی طرح آپ کا قاتل بھی بوجوہ صیغہ راز میں ہے۔

''پیغام سالنامہ'' نے آپ کی شخصیت خدمات اور عظیم قربانیوں پر مشتمل ایک عظیم تاریخی دستاویز نمبر شائع کیا ہے، جس میں آپ کی شخصیت کا مختلف زاویوں سے جائزہ لیا گیا ہے اور ملک و ملت کی اہم شخصیات نے آپ کے متعلق اپنے تاثرات تحریر کئے ہیں۔ مختلف مقالات میں آپ کے بارے میں عجیب و غریب اور حیرت انگیز انکشافات ہیں۔

یہ ضخیم نمبر آٹھ ابواب پر مشتمل ہے اور ہر باب ایک مستقل کتاب کی حیثیت کا حامل ہے، اس کتاب کے مطالعہ سے آپ کی شخصیت اور کالعدم سپاہ صحابہؓ کے متعلق کافی مواد موجود ہے۔ کتاب تاریخ و سوانح سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے ایک بہترین سوغات ہے۔